وزیراعظم کی مملکت سویڈن کے وزیراعظم سے ملاقات

01 دسمبر 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے یکم دسمبر 2023 کو دبئی میں COP 28 کے موقع پر سویڈن کی مملکت کے وزیر اعظم محترم جناب الف کرسٹرسن کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کی۔

2. رہنماؤں نے اپنے دوطرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں بشمول دفاع، تحقیق اور ترقی، تجارت اور سرمایہ کاری اور موسمیاتی تعاون پر نتیجہ خیز بات چیت کی۔ انہوں نے یورپی یونین، نورڈک کونسل اور نورڈک بالٹک 8 گروپ سمیت علاقائی اور کثیر جہتی موضوعات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

3. وزیر اعظم نے وزیر اعظم کرسٹرسن کو EU کونسل کی سویڈن کی کامیاب صدارت پر مبارکباد دی۔

دبئی
01 دسمبر 2023